© rasailojaraid.com

شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی

# روشنی

ایک بزرگ نے
ساتھیوں سے پوچھا
روشنی کب ہوتی ہے؟
کسان نے کہا
جب یہ پتہ چلنا شروع ہو جائے
کہ یہ کیکر کا درخت ہے
یہ شہتوت کا
یہ شیشم کا
بزرگ نے کہا
نہیں!
چرواہے نے کہا
جب بھیڑ بکری میں
تمیز شروع ہو جائے
روشنی تب ہوتی ہے

بزرگ نے کہا
نہیں!
مؤذن نے کہا
جب مسجد کے مینار کا سرا
واضح ہونے لگے
روشنی تب ہوتی ہے
بزرگ نے کہا
نہیں!
روشنی تب ہوتی ہے
جب اپنے پرائے میں
بُرے بھلے میں
ماں بہن میں
تمیز ہونا شروع ہو جائے

© rasailojaraid.com